
7th May, 2024

# OPINION IS PRETTY SPLIT AS 45% OF PAKISTANIS CONSIDER THE DEATH PENALTY AS SOMEWHAT OR COMPLETELY LEGITIMATE, WHILE 39% CONSIDER IT COMPLETELY ILLEGITIMATE: GALLUP & GILANI PAKISTAN

سزائے موت کے حوالے سے پاکستانیوں کی رائے تقسیم شدہ ہے، جیساکہ 45% پاکستانی سزائے موت کو کسی حد تک یا مکمل طور پر جائز سمجھتے ہیں، جبکہ 39% پاکستانی اُسے مکمل طور پر ناجائز سمجھتے ہیں۔

Question: Please indicate whether you consider ‘the death penalty’ legitimate, illegitimate, or something (mixed) between legitimate and illegitimate?



(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

## سماجی

معاشرہ اور جرائم

## سزائے موت کے حوالے سے پاکستانیوں کی رائے تقسیم شدہ ہے، جیسا کہ 45% پاکستانی سزائے موت کو کسی حد تک یا مکمل طور پر جائز سمجھتے ہیں، جبکہ 39% پاکستانی اُسے مکمل طور پر ناجائز سمجھتے ہیں۔


**(گیلپ & گیلانی پاکستان)،**
(اسلام آباد)، 07 مئی، 2024

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، سزائے موت کے حوالے سے پاکستانیوں کی رائے تقسیم شدہ ہے، جیسا کہ 45% پاکستانی جرم پر سزائے موت دینے کو کسی حد تک یا مکمل طور پر جائز سمجھتے ہیں، جبکہ 39% پاکستانی اُسے ناجائز سمجھتے ہیں۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین وحضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"برائے مہربانی بتائیں کہ آپ " سزائے موت " کو جائز سمجھتے ہیں، ناجائز سمجھتے ہیں یا جائز ناجائز کے درمیان کچھ (ملا جلا) سمجھتے ہیں؟"**۔ اس سوال کے جواب میں 39% جوابدہندگان کے مطابق وہ سزائے موت کو "بالکل ناجائز" سمجھتے ہیں، 11% جوابدہندگان کے مطابق وہ اسے "نہ جائز نہ ہی ناجائز" سمجھتے ہیں، 28% جوابدہندگان کے مطابق وہ اسے "کچھ حد تک جائز" سمجھتے ہیں، جبکہ 17% جوابدہندگان کے مطابق وہ سزائے موت کو "بالکل جائز" سمجھتے ہیں، تاہم 5% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

یہ سروے ایک بین الاقوامی سروے سیریز "ورلڈ ویلیوز سروے" کا حصہ ہے، اس سروے کے بارے میں مزید تفصیلات حاصل کرنے کیلئے برائے مہربانی اس پر ملاحظہ کریں: https://www.worldvaluessurvey.org/wvs.jsp

**"برائے مہربانی بتائیں کہ آپ "سزائے موت" کو جائز سمجھتے ہیں، ناجائز سمجھتے ہیں یا جائز ناجائز کے درمیان کچھ (ملاجلا) سمجھتے ہیں؟"**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے 1,017 مرد و خواتین سے 29 فروری تا 15 مارچ 2024 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Tuesday, 7th May 2024**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2024

celebrating 44 years of Gallup Pakistan (1980-2024)